(27)

PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

No.PA/Khyber Pakhtunkhwa/Legis-I(R)/2014/ 14809
Dated Peshawar, the 09 /05/2014.

To,

The Secretary to Government of Khyber Pakhtunkhwa,
Law, Parliamentary Affairs and Human Rights Department.

Subject: **RESOLUTION NO.501 ADOPTED BY THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA**.

Dear Sir/Madam,

I am directed to say that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa in its sitting held on **08-05-2014** has passed the following Resolution No. **501** moved by Mst. Uzma Khan, Member Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.

قرارداد

چونکہ پاکستانی قوم کی بیٹی ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو مارچ 2003 میں کراچی سے اغواء کیا گیا اور 31 مارچ 2003 کو پاکستانی میڈیا نے انکشاف کیا کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو گرفتار کر کے امریکا کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ جبکہ بگرام جیل کے سابق قیدی معظم بیگ نے انکشاف کیا کہ بگرام جیل میں جس عورت کی چیخوں سے بیرکس دہل جاتے تھے وہ عافیہ صدیقی ہے۔

امریکہ کے ایک عدالت میں عافیہ صدیقی پر جھوٹا مقدمہ چلایا اور بغیر کسی ثبوت کے ناکردہ گناہ پر (86) سال قید کی سزا سنادی گئی جو امریکی تاریخ میں عدالتوں کے ماتھے پر ایک بدنما داغ ہے۔

اب جبکہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی امریکی جیل میں قید ہے اور پاکستانی سفارت خانہ یا کسی دوسرے فرد کو اس سے ملنے کی اجازت نہیں جو کہ عالمی قوانین کی بھی خلاف ورزی ہے اور ایک مظلوم عورت کیساتھ اس طرح کی زیادتی اقوام عالم کے لئے لمحہ فکریہ ہے۔

لہٰذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ سفارتی ذرائع کو استعمال میں لاتے ہوئے مظلوم ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کے لئے بھرپور انداز میں اقدامات اٹھائے۔

Yours faithfully,

(Sd.)

(ASADULLAH KHAN)
Assistant Secretary-X,
Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa